© rasailojaraid.com

# اہم اعلانات

(۱) **ضمنی امتحان :-** وفاق المدارس العربیہ نے ''ضمنی امتحان'' کی رعایت بحال کردی ہے۔ ضمنی امتحان ۔ انشاءاللہ:

(i) ۲۵ ذی الحجہ تا ۲۷ ذی الحجہ ۱۴۲۴ھ بمطابق 17 تا 19 فروری 2004ء منگل، بدھ اور جمعرات منعقد ہوں گے۔ اس میں ۱۴۲۴ء میں غیر حاضر اور ضمنی والے تمام درجات کے طلباء / طالبات مورخہ ۱۰ ذی القعدہ تک دفتر ''وفاق'' ملتان داخلہ فارم بھیج کر حصہ لے سکیں گے۔

(ii) ۱۴۲۴ھ کے سالانہ امتحان میں کوائف مکمل ہونے کے باوجود داخلہ بروقت نہ آنے کی وجہ سے رہ جانے والے طلباء بھی اس میں شامل ہو سکتے ہیں۔

(iii) نظر ثانی کی درخواست پر ناکام ہونے والے طلباء / طالبات بھی ۱۰ ذی القعدہ تک فارم داخلہ بھیج کر ضمنی امتحان میں شرکت کر سکتے ہیں۔ خیال رہے کہ نظر ثانی کی درخواستیں ۱۰ شوال المکرّم تک دفتر وفاق پہنچ جانی چاہئیں اور دفتر وفاق ۲۰ شوال المکرّم تک تمام درخواستیں نمٹا دے گا۔ انشاءاللہ۔

(iv) ضمنی امتحان میں شرکت کے لئے زیر تعلیم ادارہ سے فارم داخلہ بھجوائے جا سکتے ہیں۔ سابقہ ادارہ کی طرف سے فارم بھجوانے کی پابندی ختم کر دی گئی ہے۔

(v) راسب (ناکام) طلباء ضمنی امتحان میں شرکت کے اہل نہیں ہوں گے۔ وہ آئندہ سال امتحان دیں گے۔

(۲) **بنات کا نصاب حسب سابق رہے گا :-** بنات کے شش سالہ نصاب کا نفاذ فی الحال ملتوی کر دیا گیا ہے۔ بنات کا سابقہ نصاب ہی برقرار رہے گا۔ اور مدت تدریس بھی حسب سابق رہے گی۔

(۳) **سند کی منسوخی :-** ایسے طلباء و طالبات جو وفاق سے سند حاصل کرنے کے بعد خدانخواستہ عقائد و مسلک اہلسنت والجماعت حنفی دیوبندی سے انحراف کر کے غلط عقائد و نظریات اپنالیں ''وفاق'' کو ان کی سند منسوخ کرنے کا اختیار ہوگا۔

(۴) **اعزاز و تقسیم انعامات :-** امتیازی پوزیشن حاصل کرنے والے طلباء و طالبات کے اعزاز میں وفاق المدارس کے زیر انتظام ہر سال ایک تقریب منعقد کی جائے گی جس میں ان کی حوصلہ افزائی کے علاوہ انعامات بھی دیئے جائیں گے۔

(۵) **طالبات کی شرعی وضع قطع :-** طلباء کی طرح طالبات کے لیے بھی شرعی وضع قطع کا ہونا ضروری ہے۔ شرعی حجاب کی پابندی نہ کرنے والی یا شرم و حیاء کے منافی لباس پہننے والی اور ناخن پالش استعمال کرنے والی یا غیر شرعی طور پر بال کٹوانے والی طالبات کو وفاق کا امتحان دینے کی اجازت نہ ہوگی۔ ضابطہ کے مطابق امتحانی عملہ کی نشاندہی پر ایسی طالبات کا نتیجہ کالعدم قرار دے دیا جائے گا۔

(۶) **مدارس میں پردہ کی پابندی :-** ''وفاق'' کی مجلس عاملہ کے اجلاس منعقدہ ۲۲ جولائی ۲۰۰۳ کے فیصلہ کے مطابق پردہ کی پابندی نہ کرنے والے ''مدارس بنات'' کا ''وفاق'' سے الحاق منسوخ کر دیا جائے گا۔

(مولانا) محمد حنیف جالندھری

ناظم اعلیٰ وفاق المدارس العربیہ ملتان

© rasailojaraid.com